سوال نمبر 5261

منجانب: جناب سید جعفر شاہ صاحب، رُکن صوبائی اسمبلی صوبہ خیبر پختونخوا

نمبر شمار	سوال	جواب
	کیاوزیر مواصلات و تعمیرات اِرشاد فرمائیں گے کہ۔	
(الف)	آیا یہ درست ہے کہ 2010 کے سیلاب میں صوبے خصوصاً بالائی سوات میں رابطہ سڑکیں اور پُل تباہ ہو چکے تھے جن میں بیشتر کی بحالی ہو چکی ہے۔؟	جی ہاں مذکورہ سڑکیں اور پُل بحال کر دیئے گئے ہیں۔
(ب)	آیا یہ بھی درست ہے کہ باڈلائی مدین کے مقام پر واحد رابطہ پُل سیلاب میں تباہ ہو چکا تھا جس سے ہزاروں لوگ اب تک مشکل میں ہیں؟	باڈالائی کا رابطہ پُل سی اینڈ ڈبلیو نے نہیں بنایا تھا بلکہ یہ پُل محکمہ جنگلات کے ایک ٹھیکیدار نے اپنی سہولت کے لئے بنایا تھا جو کہ 2010 کے سیلاب میں تباہ ہو گیا۔ تاہم لوگوں کی آمدورفت کو آسان بنانے کے لئے محکمہ سی اینڈ ڈبلیو نے کئی بار اُس کی اپروچ روڈ کو بحال کیا ہے۔
(ج)	اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ پُل کا پی سی ون تیار کر کے دفتر پہنچایا گیا لیکن تاحال اس پُل پر تعمیراتی کام کیوں شروع نہیں کیا جاسکا نیز مذکورہ پُل کی تعمیر کب تک شروع کی جائے گی۔؟	مذکورہ پُل کی تعمیر کو محکمہ سی اینڈ ڈبلیو نے ڈرافٹ اے۔ڈی۔پی میں تجویز کیا تھا لیکن فنڈز نا کافی ہونے کی وجہ سے فائنل اے۔ڈی۔پی میں شامل نہیں ہو سکا مذکورہ پُل کو آئندہ سال ڈرافٹ اے۔ڈی۔پی میں دوبارہ تجویز کیا جائے گا۔